Maulana Azad National Urdu University

B.A III Semester Examination - January, 2021

Paper : BASO31CCT : Sociological Theories

پرچہ : سماجیاتی نظریات

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) سماجیاتی نظریہ (Theory) سے متعلق درج ذیل بیانات پر غور کریں اور صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

(a) نظریہ کی نوعیت سائنسی ہوتی ہے (b) نظریہ قابل آزمائش ہوتا ہے

(c) نظریہ قابل تحریف بھی ہوسکتا ہے (d) دیے گئے سبھی صحیح ہیں

(ii) فرانسیسی انقلاب کس وقت واقع ہوا۔

(a) 1919 (b) 1789 (c) 1940 (d) 1857

(iii) کومت کے سائنسز کی درجہ بندی کے مطابق کونسا مضمون سب سے بعد میں آیا؟

(a) ریاضی (b) کیمیاء (c) سماجیات (d) ان میں سے کوئی نہیں

(iv) ذیل میں سے کون مائکرو سماجی نظریہ کی مثال ہے۔

(a) نظریہ تصادم (b) تفاعلی نظریہ

(c) (a) اور (b) دونوں صحیح (d) (a) اور (b) دونوں غلط

(v) کون اثباتیت (Positivism) کے بانی مانے جاتے ہیں؟

(a) کارل مارکس (b) اکست کومت (c) میکس ویبر (d) دیے گئے سبھی

(vi) میکس ویبر نے جدید سرمایہ وارانہ نظام کی ارتقاء کے لیے کس کو ذمہ دار مانا ہے؟

(a) عیسائی مذہب کے پروٹسٹنٹ طبقے کو (b) یہودی مذہب کو

(c) چین کے کنفیوشس مذہب کو (d) اسلام مذہب کو

(vii) مارکس کے تصور میں سماج میں مزدوروں کے بدتر حالات کو بدلنے کے لیے کیا ضروری ہے؟

(a) ریاست کی پالیسی (b) سوشل ریفارم

(c) انقلاب (d) مزدور اور سرمایہ داروں کے درمیان سیاسی سمجھوتہ

(viii) ڈرکھائم کے سماجی حقائق کی تفصیلات کے مطابق درج ذیل میں سے کون سماجی حقائق نہیں ہے؟

(a) تعلیم (b) خاندان (c) قرابتداری (d) ذاتی خیال

(ix) ابن خلدون کا عصبیہ کا تصور کس سماجی مظہر کو بیان کرتا ہے؟

(a) گروہی اتحاد (b) تہذیب کے نوعیت کو

(c) (a) اور (b) دونوں کو (d) ان میں سے کوئی نہیں

(x) کون ماہر سماجیات ساخت اور کارکردگی کے اعتبار سے سماج اور انسانی جسم کے درمیان یکساں پن اور متشابہت ہونے کی وکالت کرتا ہے۔

(a) اگست کومت (b) ہربرٹ اسپنسر (c) (a) اور (b) دونوں (d) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ دوم

(2) سماجیاتی نظریات کی ارتقاء پر تحریر لکھیں۔

(3) روشن خیالی پر ایک مضمون لکھیں۔

(4) 'سماجیات اور اس کے شروعاتی نظریات کی ارتقاء یوروپی پس منظر میں ہوئی ہے' بیان کریں۔

(5) 'اثباتیت جدید سائنس کی وکالت کرتی ہے' واضح کریں۔

(6) سماجیاتی نظریات کی مختلف قسموں کو بیان کریں۔

(7) مارکس کے طبقاتی تصور پر ایک نوٹ لکھیں۔

(8) کومت کے تین مراحل کے اصول کو واضح کریں۔

(9) سماجیاتی علم اور فہم عامہ میں فرق کو واضح کریں۔

حصہ سوم

(10) سماجی تبدیلی پر ابن خلدون کے عصبیہ کے تصور کا حوالہ دیتے ہوئے ایک تفصیلی مضمون لکھیں۔

(11) سماج میں علم وفہم کی ارتقاء پر کومت کے خیالات کو بیان کریں۔

(12) مذہب سے متعلق مارکس اور ویبر کے نظریے پر تقابلی جائزہ پیش کریں۔

(13) طبقاتی جدوجہد پر مارکس کے نظریات کی تنقیدی جانچ پڑتال کریں۔

(14) خودکشی پر ڈرکھائم کے نظریات کو بیان کریں۔

☆☆☆